# [1][خیبر پختونخوا] پاور کرشر اجازت نامہ آرڈیننس ۱۹۸۰

## [2][خیبر پختونخوا] کا ۱۹۸۰ء کا آرڈیننس نمبر ۱۵

۲۶ اکتوبر ۱۹۸۰ء۔

## آرڈیننس

## فہرست

دیباچہ

حصص


۱۔ عنوان، حد اور آغاز۔

۲۔ تعریفیں۔

۳۔ پاور کرشر کا اندراج /اجازت۔

۴۔ مقتدر اجازت نامہ۔

۵۔ اجازت نامہ دینا۔

۶۔ فیس۔

۷۔ تنسیخ اجازت نامہ۔

۸۔ اپیل۔

۹۔ جرمانہ۔

۱۰۔ جرم کا اختیار سماعت۔

۱۱۔ قواعد۔


---

1 خیبر پختونخوا کے ۲۰۱۱ء کے ایکٹ نمبر ۴ کے تحت تبدیل شد۔

2 خیبر پختونخوا کے ۲۰۱۱ء کے ایکٹ نمبر ۴ کے تحت تبدیل شد۔

# [1][خیبر پختونخوا] پاور کرشر اجازت نامہ آرڈیننس ۱۹۸۰

## [2][خیبر پختونخوا] کا ۱۹۸۰ء کا آرڈیننس نمبر ۱۵

۲۶ اکتوبر ۱۹۸۰ء۔

## آرڈیننس

جو [3][خیبر پختونخوا] میں پاور کرشر کے اجازت نامہ کیلئے قانون مہیا کرے۔

ہرگاہ یہ تقاضہ ہے کہ [4][خیبر پختونخوا] میں پاور کرشر کا اجازت نامہ مابعد طریقہ کار پر مہیا ہو۔

دیباچہ۔ اور ہرگاہ گورنر [5][خیبر پختونخوا] اس بات پر مطمئن ہے کہ موجود قرائن میں فوری اقدام اٹھایا جائے۔

اسلئے اب ۵ جولائی ۱۹۷۷ء کے اعلان کے تناظر، جس کے ساتھ قوانین (جاری العمل) حکم ۱۹۷۷ء (سی۔ایم۔ایل۔اے ۱۹۷۷ء کا حکم نمبر۱) اور اس ضمن میں اپنے تمام اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے گورنر [6][خیبر پختونخوا] درج ذیل آرڈیننس بناتے ہوئے نافذ کرتا ہے۔

۱۔عنوان، حد اور آغاز۔

(۱) یہ آرڈیننس [7][خیبر پختونخوا] پاور کرشر (اجازت نامہ) آرڈیننس ۱۹۸۰ء کہلایا جائے گا۔

(۲) یہ پورے صوبہ [8][خیبر پختونخوا] میں نافذ العمل ہوگا۔

(۳) یہ فوری طور پر جاری ہوگا اور ۱۸ اکتوبر ۱۹۸۰ء سے نافذ العمل تصور ہوگا۔

---

1 خیبر پختونخوا کے ۲۰۱۱ء کے ایکٹ نمبر ۴ کے تحت تبدیل شد۔
2 خیبر پختونخوا کے ۲۰۱۱ء کے ایکٹ نمبر ۴ کے تحت تبدیل شد۔
3 خیبر پختونخوا کے ۲۰۱۱ء کے ایکٹ نمبر ۴ کے تحت تبدیل شد۔
4 خیبر پختونخوا کے ۲۰۱۱ء کے ایکٹ نمبر ۴ کے تحت تبدیل شد۔
5 خیبر پختونخوا کے ۲۰۱۱ء کے ایکٹ نمبر ۴ کے تحت تبدیل شد۔
6 خیبر پختونخوا کے ۲۰۱۱ء کے ایکٹ نمبر ۴ کے تحت تبدیل شد۔
7 خیبر پختونخوا کے ۲۰۱۱ء کے ایکٹ نمبر ۴ کے تحت تبدیل شد۔
8 خیبر پختونخوا کے ۲۰۱۱ء کے ایکٹ نمبر ۴ کے تحت تبدیل شد۔

## ۲۔ تعریفیں۔

اس آرڈیننس میں جب سیاق وسباق کچھ اور تقاضہ نہ کرے۔

[1](a) ''کمرشل کین کرشر'' سے مراد 12.5 ہارس پاور سے ذائد ہارس پاور جو ایک یا ایک سے ذائد کڑائی (پکانے کا برتن) جو کہ جسامت میں 36 کیوبک فیٹ اور حجم میں 330 کلوگرام سے ذائد نہ ہو۔

[2](aa) ''ڈائریکٹر'' سے مراد ڈائریکٹر صنعت وتجارت اور معدنیاتی ترقی [3][خیبر پختونخوا] ہوگا۔

(b) ''حکومت'' سے مراد حکومت [4][خیبر پختونخوا] ہوگا۔

(c) ''مقرر'' سے مراد وہ تقرر ہے جو اس مسودہ کے تحت بنائے گئے قواعد میں ہے۔

(d) ''پاور کرشر'' سے مراد کرشنگ مشین ہے جو بجلی [5](طاقت یا ٹریکٹر، یا دوسرے میکانی آلہ یا ذریعہ) سے گنے کو گڑ بنانے کی غرض سے پیلنے جیسا کہ [6][خیبر پختونخوا] گنے (کنٹرول) آرڈر میں متعارف ہے۔

(e) ''جدول'' سے مراد اس آرڈیننس سے منسلک جدول ہے۔

## [7]۳۔ پاور کرشر کا اندراج/اجازت۔

کوئی بھی شخص مجاز نہ ہے کہ وہ گنے کو گڑ گانڑی کے ذریعے یا پاور کرشر کے ذریعے پیلے جب تک؛

(a) گڑ گانڑی یا پاور کرشر کی صورت میں ماسوائے تجارتی کین کرشر جو کہ رجسٹر شدہ ہو۔

(b) اور تجارتی کین کرشر کی صورت میں اجازت یافتہ ہو۔

اس آرڈیننس کے تحت اور اس طرح کی گڑ گانڑی اور طاقت / کین کرشر جو کہ رجسٹر شدہ یا اجازت یافتہ ہو کو مجاز حکام کے متعین کردہ شرائط اور حدود میں چلایا جائیگا۔

---

1۔ خیبر پختونخوا کا ۲۰۰۲ کے آرڈیننس ۷ کے تحت داخل شد۔
2۔ خیبر پختونخوا کا ۲۰۰۲ کے آرڈیننس ۷ کے تحت دوبارہ تحریر شد۔
3۔ خیبر پختونخوا کے ۲۰۱۱ کے قانون نمبر ۴ کے تحت تبدیل شد۔
4۔ خیبر پختونخوا کے ۲۰۱۱ کے قانون نمبر ۴ کے تحت تبدیل شد۔
5۔ خیبر پختونخوا کے ۲۰۰۱ کے آرڈیننس نمبر ۱ کے تحت داخل شد۔
6۔ خیبر پختونخوا کے ۲۰۱۱ کے قانون نمبر ۴ کے تحت تبدیل شد۔
7۔ خیبر پختونخوا کا ۲۰۰۲ کے آرڈیننس ۷ کے تحت تبدیل شد۔

۴۔ مقتدر اجازت نامہ۔

[1](مقتدر جسے گڑ گانڑی/پاور کرشر ماسوائے تجارتی کین کرشر یا جو بھی ہو رجسٹر کرنے کا اختیار ہو، جو تجارتی کین کرشر کی نسبت اجازت نامہ دے اس آرڈیننس کے تحت مقتدر اجازت نامہ کہلائے گا، جو کہ متعلقہ ضلع کا ضلعی آفسر (مال و اراضیات) ہوگا۔

۵۔ اجازت نامہ کا اجراء۔

۱۔ اس آرڈیننس کے تحت اگر کسی شخص نے اس قانون کے نافذ العمل ہونے سے قبل پاور کرشر نصب کیا ہو یا اسکے نافذ العمل ہونے کے بعد تنصیب کا ارادہ رکھتا ہو تو تیس دن کے اندر مقتدر اجازت نامہ کو استدعا کرے گا تا کہ اجازت نامہ حاصل کر سکے، یا تنصیب کر سکے جو بھی صورت ہو[2](رجسٹریشن یا اجازت نامہ کے حصول جو بھی صورت ہو)۔

۲۔[3]رجسٹریشن یا اجازت نامہ کیلئے درخواست جدول کے حصہ الف میں مختص فارم پر دیا جائے گا، جس کے ساتھ درج ذیل منسلک ہوں گے۔

a۔ حصہ 6 کے تحت مروجہ [4]رجسٹریشن یا اجازت نامہ فیس کی صورت میں بینک یا خزانے کا چالان۔

b۔ ڈائریکٹر کا جاری کردہ سرٹیفیکیٹ بابت رجسٹریشن اگر ایسا پاور کرشر اس آرڈیننس کے نافذ العمل ہونے سے پہلے مغربی پاکستان صنعتیں (کنٹرول اور توسیعی) آرڈیننس، ۱۹۶۳ء (ڈبلیو۔ پی۔ آرڈ۔ ۴، ۱۹۶۳ء) کے حصہ 3 کے تحت اس کے ساتھ رجسٹر شدہ ہو۔

---

1۔ خیبر پختونخوا کا ۲۰۰۲ء کے آرڈیننس ۷ کے تحت تبدیل شد۔
2۔ خیبر پختونخوا کا ۲۰۰۲ء کے آرڈیننس ۷ کے تحت تبدیل شد۔
3۔ خیبر پختونخوا کا ۲۰۰۲ء کے آرڈیننس ۷ کے تحت داخل شد۔
4۔ خیبر پختونخوا کا ۲۰۰۲ء کے آرڈیننس ۷ کے تحت تبدیل شد۔

۳۔[1] مقتدر اجازت نامہ گڑ گانڑی/پاور کرشر کی صورت میں ماسوائے تجارتی کین کرشر، چھان بین کے بعد جو وہ مناسب سمجھتا ہو مذکورہ گڑ گانڑی/پاور کرشر کو رجسٹر کرے اور اگر یہ تجارتی کین کرشر ہو اور درخواست کنندہ حصہ۔ب درجدول کے شرائط کو پورا کرتا ہو چھان بین کے بعد جو وہ مناسب سمجھتا ہو کو اجازت نامہ جاری کرسکتا ہے جو کہ جدول کے حصہ۔ج میں مختص ہے۔

۴۔ [2](رجسٹر شدہ یا اجازت نامہ) حاصل شدہ جو کہ ذیلی شق ۳ کے تحت جاری کردہ ہے صرف ایک مالیاتی سال کیلئے کار آمد ہوگا۔ جس کا اجراء اسی سال کے یکم جولائی سے لے کر آئندہ جون کے ۳۰ تاریخ تک ہوگا تا آں کہ اختتامی تاریخ سے تیس دن پہلے تجدید شدہ نہ ہو۔

۵۔[3] تجدید کا طریقہ کار وہی ہوگا جو اصل رجسٹریشن یا اجازت نامہ کے حصول کے لئے دیا گیا ہے۔

۶۔[4] فیس۔

۱۔اس آرڈیننس کے تحت گڑ گانڑی/پاور کرشر کے رجسٹریشن یا اجازت نامہ کے اجراء کی فیس درج ذیل شرح سے ہوگی۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ رجسٹریشن فیس گڑ گانڑی/پاور کرشر ماسوائے تجارتی کین کرشر | /۵۰۰ روپے سالانہ |
| 2۔ اجازت نامہ فیس برائے تجارتی کین کرشر | /۵۰۰۰ روپے سالانہ |

۲۔حکومت ذیلی شق ۱ کے تحت مقرر کردہ فیس وقتاً فوقتاً سرکاری اعلامیہ کے ذریعے دھرائیگی۔

۳۔فیس سٹیٹ بینک آف پاکستان کے کسی بھی سرکاری خزانے میں مد ''۱۳۰۰۔متفرق رسید۔۱۳۹۰۔رسید تنصیبات/تجدید پاور کرشر کے تحت جمع کیا جائے گا۔

---

1 خیبر پختونخوا کا ۲۰۰۲ کے آرڈیننس ۷ کے تحت تبدیل شد۔ 2 خیبر پختونخوا کا ۲۰۰۲ کے آرڈیننس ۷ کے تحت تبدیل شد۔ 3 خیبر پختونخوا کا ۲۰۰۲ کے آرڈیننس ۷ کے تحت تبدیل شد۔
4 خیبر پختونخوا کا ۲۰۰۲ کے آرڈیننس ۷ کے تحت تبدیل شد۔

۷۔اجازت نامہ کی تنسیخ۔

۱۔اگر کوئی شخص جو اجازت نامہ رکھتا ہو جدول کے حصہ۔ب میں مختص شرائط پورا نہ کرتا ہو یا حصہ۔د میں مقرر کردہ پابندیوں کی پاسداری نہ کرتا ہو تو مقتدر اجازت نامہ، اجازت نامہ رکھنے والے کو بعد از فراہم کرنے موقع سماعت اجازت نامہ منسوخ کریگا۔

۲۔اجازت نامہ کی منسوخی کسی دوسری سزا کیساتھ اضافی ہوگی نہ کہ گھٹ کر اس سزا کے جو کہ اس آرڈیننس، یا قواعد کے تحت مقرر ہے۔

۸۔اپیل۔

مقتدر کے حکم سے متاثر شخص اس آرڈیننس کے تحت حکم کے پندرہ یوم کے اندر اس آفسر یا مجاز حاکم جو کہ حکومت نے اس غرض کے لئے بذریعہ اعلامیہ تعینات کیا ہو کو اپیل کرسکتا ہے[1] (اور وہ تعینات شدہ آفسر یا مجاز حاکم اپیل کنندہ کو سماعت کا موقع فراہم کرنے کے بعد جیسا مناسب سمجھے حکم صادر کریگا)۔

۹۔جرمانہ۔

۱۔ جو کوئی بھی اس آرڈیننس کے احکام یا قواعد جو اس کے تحت مرتب ہوئے ہوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے پاور کرشر چلاتا ہو وہ مستوجب سزا قید جو کہ ایک سال تک ہوسکتی ہے یا دس ہزار روپے تک جرمانہ یا دونوں ہوں گے۔

۲۔ جو کوئی ذیل شق ا کے تحت سزا یافتہ ہوا اور اس قانون کی خلاف ورزی جاری رکھتا ہو مستوجب سزا جرمانہ ہوگا جو کہ پانچ سو روپے یومیہ تک ہوگا تا آنکہ جرم جاری ہو۔

۱۰۔جرم کی سماعت۔

کوئی بھی عدالت اس آرڈیننس کے تحت کسی بھی جرم کی سماعت نہیں کرے گی جب تک مقتدر اجازت نامہ نے تحریری شکل میں اس جرم کی شکایت نہ کی ہو۔

۱۱۔قواعد۔

حکومت اس آرڈیننس کے مقصد کے حصول کے لئے قواعد مرتب کرے گی۔

---

1۔خیبر پختونخوا کے ۱۹۸۵ء کے قانون نمبر ۲ کے تحت تبدیل شد۔

# جدول

## حصہ الف

[شق ۵ ذیلی شق (۲) ملاحظہ ہو۔]

فارم برائے درخواست اجازت نامہ تنصیب یا چلانے پاور کرشر۔

میں 'گڑ' سازی کے غرض کے لئے اجازت نامہ برائے تنصیب یا چلانے پاور کرشر کے لیئے استدعا کرتا ہوں۔

۱۔ درخواست دہندہ کا نام۔

۲۔ درخواست دہندہ کا پیشہ۔

۳۔ درخواست دہندہ کی سکونت۔

۴۔ وہ مقام جہاں پر درخواست دہندہ پاور کرشر نصب یا چلانا چاہتا ہو۔

۵۔ میں نے پورے غور سے [1][خیبر پختونخوا] پاور کرشر (اجازت نامہ) آرڈیننس ۱۹۸۰ء کے جدول کے حصہ ب اور د میں دیئے ہوئے شرائط اور پابندیوں کو پڑھ لیا ہے۔

دستخط یا نشان انگشت

درخواست دہندہ۔

---

1۔ خیبر پختونخوا کے ۲۰۱۱ء کے قانون نمبر ۴ کے تحت تبدیل شد۔

## حصہ ب

[شق ۵ ذیلی شق (۳) اور ۷ (۱) ملاحظہ ہو۔]

شرائط اجازت نامہ۔

۱۔ یہ اجازت نامہ ناقابل منتقلی ہے۔

۲۔ اس اجازت نامہ کی تجدید سالانہ بنیاد پر ہوگی۔

۳۔ اجازت نامہ کی تجدید ہر سال مقتدر سے اختتامی تاریخ سے کم از کم تیس دن پہلے مقررہ فیس کی ادائیگی پر حاصل کی جا سکے گی۔

## حصہ ج

[شق ۵ ذیلی شق (۳) ملاحظہ ہو۔]

اجازت نامہ برائے پاور کرشر۔

نمبر-------------------------------------------تاریخ-------------------

نام-----------------------------------------------ولدیت-----------------------

مستقل پتہ--------------------------------------------------------------

کو پاور کرشر چلانے کی اجازت دی جاتی ہے۔

۲۔ یہ اجازت نامہ--------------------------سے-------------------تک کارآمد ہے۔

۳۔ جب تک یہ اجازت نامہ کارآمد ہے اور اس کی تجدید وقتاً فوقتاً کی گئی ہو تو اس کا گرہندہ 1[خیبر پختونخوا] شوگر کین (کنٹرول) آرڈر ۱۹۸۰ء کے تحت گنے سے ''گڑ'' سازی کا مجاز ہے۔

مقتدر اجازت نامہ

---

1۔ خیبر پختونخوا کے ۲۰۱۱ء کے قانون نمبر ۴ کے تحت تبدیل شد۔

## حصہ د

[شق ۷ ذیلی شق (۱) ملاحظہ ہو]

قیود برائے اجراء اجازت نامہ۔

۱۔ ایک شخص صرف ایک پاور کرشر کی ملکیت اور چلانے کا اہل ہوگا۔

۲۔ جو شخص اجازت نامہ کی حصول کے لئے استدعا کرے گا وہ مقتدر کے روبرو پاور کرشر کی ملکیت کی نسبت ملکیتی سند پیش کرے گا۔

۳۔ کوئی بھی شخص جس کے نام اجازت نامہ جاری شدہ ہو کسی دوسرے فریق کو کرایہ پر نہیں دے گا۔

لیفٹیننٹ جنرل فضل حق

گورنر خیبر پختونخوا

پشاور،

بتاریخ

۲۶ اکتوبر ۱۹۸۰ء۔